پروفیسر خالد شبیر احمد

نعت رسولِ مقبول ﷺ

قلب روشن از خیالِ گنبدِ خضریٰ ہوا
جب سے فیضانِ جمالِ گنبدِ خضریٰ ہوا

حسنِ اعجازِ محمد ﷺ سے ہیں روشن صحن و بام
نور افشاں خوش خصالِ گنبدِ خضریٰ ہوا

نعت گوئی سے میرا یہ فکر و فن کا سلسلہ
مخزنِ جاہ و جلالِ گنبدِ خضریٰ ہوا

وہ ہے یکتا' لاجواب و بے مثال و لازوال
منفرد ہر اک کمالِ گنبدِ خضریٰ ہوا

فیض قربت سے رگوں میں دوڑتی ہے زندگی
روح فرسا انفصالِ گنبدِ خضریٰ ہوا

گنبدِ خضریٰ پہ رقصاں نور کا زریں غلاف
رونقِ ہر خد و خالِ گنبدِ خضریٰ ہوا

ہاں ہوس کی اس تپش میں میرا ذوقِ نعت ہی
مرکزِ شوقِ وصالِ گنبدِ خضریٰ ہوا

اب یہاں آئے ہو کس منہ سے دوں گا کیا جواب
مجھ پہ جس پل یہ سوالِ گنبدِ خضریٰ ہوا

جگمگا اُٹھے میرے قلب وجگر کے سب اُطاق
مضطرب پہ یوں نوالِ گنبدِ خضریٰ ہوا

اُس پہ نظریں ڈالتے ہی پیاس میری بجھ گئی
زمزم و کوثر زُلالِ گنبدِ خضریٰ ہوا

میں غزل گو اِن دنوں حلقہ بگوشِ نعت ہوں
مجھ پہ یوں فیضِ کمالِ گنبدِ خضریٰ ہوا

دَر کھُلے ہیں مجھ پہ خالدؔ آپ کے انوار کے
جب سے دل یہ امتثالِ گنبدِ خضریٰ ہوا

☆......☆......☆